آپ کے جاننے لائق چیزیں

لیجینر مرض

لیجینر ایک قسم کا نمونیہ ہے۔ یہ جراثیم کی وجہ سے ہوتا ہے اور **ایک فرد سے دوسرے کو نہیں پھیل سکتا ہے۔**

اینٹی بایوٹک دواؤں کی مدد سے آسانی سے اس کا علاج کیا جاتا ہے اور بروقت علاج سے بیشتر افراد ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

جراثیم والے پانی کے بخارات میں سانس لینے سے لوگ بیمار پڑتے ہیں (مثلاً، آلودہ کولنگ ٹاورز سے پیدا ہونے والی نمی)۔ کھڑکی پر لگے ایئر کنڈیشنر کوئی خطرہ نہیں ہیں۔

آپ زیادہ خطرے کی زد میں ہوتے ہیں اگر آپ کی عمر 50 سال سے زائد ہے، (خاص طور پر اگر آپ سگریٹ نوشی کرتے ہیں)، آپ کو دیرینہ مرض ہے، آپ کا نظام مامونیت کمزور ہے یا ایسی دوائیں لیتے ہیں جو نظام مامونیت کو کمزور کرتے ہیں۔

انتظار نہ کریں! اگر آپ کو طبیعت ناساز محسوس ہوتی ہو تو اسی وقت مدد حاصل کریں۔

- اگر آپ کو بخار، کپکپی، عضلہ میں درد یا کھانسی ہو تو اسی وقت طبی توجہ حاصل کریں۔
- اگر آپ کو ایسی طبی کیفیت لاحق ہو جو آپ کے تنفس پر اثر ڈالتی ہو یا اگر آپ سگریٹ نوش ہیں تو یہ خاص طور پر اہم ہے۔
- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو بتائیں کہ آپ کو لیجینر مرض کے بارے میں تشویش لاحق ہے۔ آپ کے فراہم کنندہ کو یہ پتہ کرنے کے لیے جانچیں کرنی پڑ سکتی ہیں کہ آیا آپ لیجینر مرض یا کسی مختلف انفیکشن کی وجہ سے بیمار ہیں۔

NYC Health

مزید معلومات **nyc.gov/health/legionnaires** پر تلاش کریں